# پیشنگوئی کی اُلٹی گنتی

## دَس احُکام اور خُدا کا مخمصہ

### ایک حیرت انگیز حقیقت:

زمین پر سب سے بڑا معروف شہابِ ثاقب (ہوبا) ہے۔ اِس خلائی پتھر کو اتفاق سے 1920 میں دریافت کیا گیا تھا جب نمیبیا، افریقہ کا ایک کسان کھیت میں ہل چلا رہا تھا کہ ایک دھاتی شے اُس کے ہل سے ٹکرائی۔ بڑے تجسس سے، اس نے تقریباً نو فٹ چوڑے لوہے کے اِس بڑے پتھر کو دریافت کرنے کے لیے اوپری مٹی کو ہٹا دیا۔ اگرچہ جزوی طور پر مطالعہ کے لیے کھدائی کی گئی ہے، لیکن 66 ٹن کے بے پناہ وزن کی وجہ سے اِس عجیب پتھر کو اُس کے اصل دریافت شدہ مقام سے کبھی منتقل نہیں کیا گیا۔ 1955 میں اِسے قومی یادگار قرار دیا گیا، یہ انوکھا خزانہ ہر سال ہزاروں سیاحوں کی توجہ کا مرکز بنتا ہے۔



**خُدا** کے کلام، اُس کی شریعت اور خود مسیح کا موازنہ اکثر ایک غیر متزلزل اور ناقابل تسخیر چٹان سے کیا جاتا ہے جو شریروں کو کچل دے گی۔ (استثنا 32:3،4؛ متی 24:7،25؛ لوقا 20:17،18)۔ پھر بھی اِسی وقت، بائبل مقدّس خُدا کو ایک رحم دل، صابر، معاف کرنے والا اور رحم دِل نجات دہندہ کے طور پر بیان کرتی ہے۔ (خروج 34:5-7)۔ بہت سے لوگوں نے حیرت کا اظہار کیا ہے۔ کیا پرانے عہد نامے کا خُدا ویسا ہی ہے جیسے نئے عہد نامے کا یسُوع اور خدا ہے؟

خاص طور پر پیشنگوئیوں میں، ہم تصاویر کا یہ تضاد دیکھتے ہیں۔ ایک جگہ، یسُوع کو ایک شائستہ اور بے ضرر چھڑانے والے برّہ کے طور پر دِکھایا گیا ہے۔ لیکن چند ابواب کے بعد، مسیح شریروں پر شدید غضب ڈھانے کے لیے ایک فاتح بادشاہ کے طور پر آتا دِکھائی دیتا ہے۔ (مکاشفہ 6:5؛ 15:19)۔




تو ہم خُدا کی اِن دو بظاہر متضاد تصویروں کو کس طرح ہم آہنگ کرتے ہیں؟ کیا خُدا انتقام لینے والا اور غضب ناک ہے یا وہ مہربان اور گناہ اور تقصیر کا معاف کرنے والا ہے



؟ہم خُدا کے محبّت بھرے فضل کو اُس کی شریعت جڑے عدل اور انصاف کے ساتھ کیسے ملاتے ہیں؟ بائبل مقدّس کا محتاط، دُعائیہ مطالعہ شریعت اور فضل کے درمیان ایک خوبصورت توازن ہے۔ جو شیر اور مکاشفہ کے برّہ کے درمیان ہم آہنگی کو ظاہر کرتا ہے۔

جب آپ کو کوئی ___________ خالی جگہ نظر آئے تو، بائبل مقدّس میں سے مطلوبہ لفظ تلاش کریں اور اُس جگہ کو پُر کریں...

## 1 مکاشفہ 6:5 میں برّہ کس کی علامت ہے؟

یوحنا 29:1 "دُوسرے دِن اُس نے ___________ کو اپنی طرف آتے دیکھ کر کہا دیکھو یہ خُدا کا ___________ ہے جو دُنیا کا گناہ اُٹھا لے جاتا ہے۔"

نوٹ: مکاشفہ میں مرکزی کردار خُدا کا برّہ ہے۔ جس کا ذکر 27 بار ہوا ہے! جب خُدا نے ابرہام کو یہ کہہ کر آزمایا کہ وہ اپنے بیٹے اسحاق کو قربانی کے طور پر پیش کرے، "ابرہام نے کہا اَے میرے بیٹے خُدا آپ ہی اپنے واسطے سوختنی قُربانی کے لئے برّہ مہیّا کر لے گا۔" (پیدایش 8:22) مصر میں فسح کے برّے سے لے کر اور پورے پرانے عہد نامے میں ایک برّہ ایک پاک اور بے عیب قربانی کی نمائندگی کرتا تھا۔ بائبل مقدّس کی پیشینگوئیاں اس معصوم اور بے ضرر مخلوق کو یسوع مسیح کی علامت کے طور پر اُجاگر کرتی ہیں، جس کی موت ہی انسانیت کی واحد اُمید ہو گی۔

## 2 یسوع کے لیے دُکھ اُٹھانا اور مرنا کیوں ضروری تھا؟

رومیوں 23:3 "اِس لئے کہ ___________ نے گناہ کیا اور خُدا کے جلال سے محرُوم ہیں۔"

رومیوں 23:6 "کیونکہ گناہ کی مزدُوری ___________ ہے مگر خُدا کی بخشش ہمارے خُداوند مسیح یسوع میں ہمیشہ کی زِندگی ہے۔"

1۔کرنتھیوں 3:15 "مسیح کتابِ مقدّس کے مطابِق ہمارے ___________ کے لیے موا اور تیسرے دِن کتابِ مقدّس کے مطابِق جی اُٹھا۔"

1۔پطرس 18:3 "اِس لیے مسیح نے یعنی ___________ نے ___________ کے لیے گناہوں کے باعث ایک بار دُکھ اُٹھایا۔"

کاپی رائٹ © 2025 از امیزنگ فیکٹس انٹرنیشنل۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
P.O Box 1058, Roseville, CA 95678 | amazingfacts.org | 800-538-7275 |
The Scripture taken from the Holy Bible in Urdu, Revised Version, Copyright © 2010, by The Pakistan Bible Society. Used by permission of the Pakistan Bible Society. All rights reserved.

AMAZING FACTS INTERNATIONAL



نوٹ: بائبل مقدّس انمول ہے کیونکہ یہ ہمیں بتاتی ہے کہ گناہ دُنیا میں کیسے داخل ہوا اور اُسے کیسے دور کیا جائے گا۔ پیشینگوئی کا کہنا ہے کہ خُدا اپنی تخلیق میں گناہ کی بدصورت خباثت کو زیادہ دیر تک برداشت نہیں کرے گا۔ گناہ کی سزا موت ہے۔ اور جب آدم اور حوّا نے گناہ کیا تو گناہ کی وبا پوری نسلِ انسانیت میں پھیل گئی۔ خُدا کی شریعت اور اُسے توڑنے کی سزا ہرگز تبدیل نہیں ہو سکتی تھی، اس لیے تمام لوگ موت کے مستحق ہو گئے۔

لیکن خُدا اپنے لوگوں سے ہرگز کنارہ کشی نہیں کر سکتا تھا جن کو اُس نے اپنی صورت میں خلق کیا تھا۔ لہٰذا، اپنی ناقابلِ یقین محبّت کے عمل میں، اُس نے اپنے اکلوتے بیٹے کو دُنیا میں ہماری جگہ تکلیف اٹھانے اور مرنے کے لیے بھیجا۔ اُس پر ہمارے گناہ اور سزائے موت عائد کر دی گئی۔ اگر آپ اُسے اپنا شخصی نجات دہندہ قبول کرنے اور اُس کی پیروی کرنے کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ سزا سے آزاد ہو جاتے ہیں۔

## 3 لوگوں کو موت سے بچانے کے منصوبے کو مکاشفہ کیا کہتا ہے؟

**مکاشفہ 6:14** "پھر میں نے ایک اَور فرِشتہ کو آسمان کے بِیچ میں اُڑتے ہُوئے دیکھا جِس کے پاس زمِین کے رہنے والوں کی ہر قَوم اور قبِیلہ اور اہلِ زُبان اور اُمّت کے سُنانے کے لئِے اَبدی ______________ تھی۔"

نوٹ: خُدا کے نجات کے منصوبے کو انجیل کہا جاتا ہے، جس کا مطلب ہے "خُوشخبری"۔ یہ لوگوں تک پہنچائی جانے والی اَب تک کی سب سے شاندار بشارت ہے! یسُوع نے پُوری دُنیا کے گناہوں کے لیے دُکھ اٹھایا اور مر گیا تاکہ ہر کسی کو بھی گناہ کی خوفناک سزا سے نجات مل سکے۔ لیکن اُس کی قربانی سے فائدہ اٹھانے کے لیے ہمیں کچھ کرنا چاہیے۔ بائبل مقدس ہمیں مسئلہ اور اُس کا حل بتاتی ہے۔

## 4 بائبل مقدّس کے مطابق، گناہ کیا ہے - اور ہم اُسے کیسے پہچانتے ہیں؟

**1۔یوحنا 4:3** "جو کوئی گناہ کرتا ہے شرع کی مخالفت کرتا ہے اور گناہ شرع کی ______________ ہی ہے۔"

**رومیوں 20:3** "....اِس لیے کہ ______________ کے وسِیلہ سے تو گناہ کی پہچان ہی ہوتی ہے۔"

نوٹ: خُدا کی شریعت بنی نوعِ اِنسان کے لیے اُس کی کامل مرضی کی نمائندگی کرتی ہے۔ شیطان خُدا کی شریعت سے نفرت کرتا ہے کیونکہ یہ ہمیں گناہ سے نجات دہندہ کی ضرورت سے آگاہ کرتی ہے۔ (رومیوں 15:4)"اور جہاں شریعت نہیں وہاں حکم عدولی بھی نہیں" شریعت کسی کو نہیں بچا سکتی، لیکن یہ ہمیں خُدا کی کاملیت اور ہماری کمزوریوں

اور ناکامیوں کو ظاہر کرتی ہے۔
کوئی بھی گناہ جو کوئی شخص کرتا ہے کم از کم دس احکام میں سے ایک کے ذریعہ اُس کی مذمت کی جاتی ہے۔ہے۔
یہی وجہ ہے کہ خُدا کی شریعت کو "وسیع" کہا جاتا ہے(زبور 96:119)اور "کامل" کہا جاتا ہے۔(زبُور 7:19)۔
اُس میں اِنسان کے فرضِ کُلّی کا احاطہ کی گیا ہے۔(واعظ 13:12)۔اِس سبق میں "شریعت" کی اصطلاح بنیادی طور پر دَس احکام کا حوالہ دیتی ہے۔بہت سے رسمی قوانین تھے جو مسیح کی طرف اشارہ کرتے تھے؛وہ تقاضے اُس کی موت پر اختتام پذیر ہو گئے۔

## 5 کیا خُدا کے اخلاقی قانون کو تبدیل یا منسُوخ کیا جا سکتا ہے؟

لوقا 17:16 "لیکن آسمان اور زمین کا ______ جانا ______ کے ایک نُقطہ کے مِٹ جانے سے آسان ہے۔

زبور 34:89 "میں اِپنے عہد کو نہ ______ گا اور اپنے مُنہ کی بات کو نہ ______ گا۔"

زبور 111:7،8 "اُس کے ہاتھوں کے کام بر حق اور پُر عدل ہیں۔اُس کے تمام قوانین ______ ہیں۔وہ ______ قائم رہیں گے وہ سچائی اور راستی سے بنائے گئے ہیں۔

ملاکی 6:3 "کیونکہ میں خُداوند ______ ہُوں۔"

نوٹ: نہیں! کسی بھی حالت میں خُدا کی شریعت میں ترمیم یا اُسے منسوخ نہیں کیا جا سکتا۔یہ اتنا ہی مستقل ہے جتنا خود خُدا۔اُس نے دَس احکام کو پوری قوم کے سامنے بُلند آواز میں سُنایا اور پھر اُن آئین کی مستقل نوعیت پر زور دینے کے لیے اُنہیں اپنی انگلی سے پتھر کی دو لوحوں پر لکھا۔خُدا کے ہاتھ سے لکھا ہُوا قانون،بنیادی طور پر اُس کے کردار کے جوہر کی تحریر ہے۔جِس طرح خُدا کا تبدیل ہونا ناگزیر ہے اُسی طرح اُس کی شریعت کا بدلنا یا تبدیل ہونا نا ممکن ہے۔

## 6 شیطان سب سے زیادہ خطرناک کب ہوتا ہے؟

یوحنا 15:10 "..... جیسے میں نے اپنے باپ کے حکموں پر ______ کیا ہے اور اُس کی محبّت میں قائم ہُوں۔

1۔ پطرس 22:2 "نہ اُس نے گناہ ________ اور نہ اُس کے مُنہ سے کوئی مکر کی بات نِکلی۔"

نوٹ: سب سے اہم اور بنیادی بات، ایک مسیحی جو یسُوع مسیح کی تعلیمات اور اُس کی مثال کا پیروکار ہے۔ وہ خُدا کے دَس احکام پر پوری طرح عمل کرتا ہے اور وہ ہمارے لیے نمونہ پیش کرتا ہے۔(یوحنا 15:10؛ 1۔یوحنا 6:2)۔ اگر خُدا کی شریعت کا تبدیل کیا جانا ممکن ہوتا، تو یسُوع کا صلیب پر مرنا ضروری نہ ہوتا۔ یہ حقیقت کہ یسُوع کو ہمارے گناہوں کے لیے مرنا پڑا اِس بات کا ثبوت ہے کہ اُس کی شریعت ناقابل تغیر اور ناگزیر ہے۔

## 7

## کیا نئے عہد نامے کے مسیحیوں کو دَس احکام پر عمل کرنے کی ضرورت ہے؟

متی 17:19 "لیکن اگر تُو زِندگی میں داخِل ہونا چاہتا ہے تو حکموں پر ________ کر۔"

یوحنّا 15:14 "اگر تُم مُجھ سے محبّت رکھتے ہو تو میرے حکموں پر ________ کرو گے۔"

مکاشفہ 12:14 "مقدّسوں یعنی خُدا کے حکموں پر ________ کرنے والوں اور یِسُوع پر اِیمان رکھنے والوں کے صبر کا یِہی موقع ہے۔"

مکاشفہ 14:22 "مُبارک ہیں وہ جو اُس کے حکموں کو ________ ہیں کیونکہ زِندگی کے درخت کے پاس آنے کا اِختیار پائیں گے۔"

نوٹ: ہاں! نیا عہد نامہ واضح طور پر سکھاتا ہے کہ خُدا کے لوگ اُس کے احکام پر عمل کریں گے۔ ہم سب جانتے ہیں کہ آج دُنیا بڑی پریشانی میں ہے کیونکہ بہت سے لوگ، یہاں تک کہ معرُوف مسیحی بھی، اَب یہ محسوس نہیں کرتے کہ خُدا کی شریعت کی پابندی کرنا ضروری ہے۔ بائبل مقدّس ہمارے دِن کے بارے میں یوں ہمکلام ہوتی ہے کہ، "اَب وقت آگیا ہے کہ خُداوند کام کرے کیونکہ اُنہوں نے تیری شریعت کو باطل کر دِیا ہے۔"(زبور 126:119)

## 8

## نئے اور پرانے عہد نامے میں کیا فرق ہے؟

اِستثنا 13:4 "اور اُس نے تُم کو اپنے عہد کے دَسوں احکام بتا کر اُن کے ماننے کا حُکم دِیا اور ________ کو پتھّر کی دو لوحوں پر لکھ بھی دِیا۔"

عبرانیوں 10،8:8 "پس وہ ____________ کے نقص بتا کر کہتا ہے کہ خُداوند فرماتا ہے دیکھ!..... کہ میں اِسرائیل کے گھرانے اور یہوداہ کے گھرانے سے ایک نیا عہد باندُھوں گا۔ پِھر خُداوند فرماتا ہے...... کہ میں اپنے قانُون اُن کے ____________ میں ڈالوں گا اور اُن کے ____________ پر لِکھوں گا اور میں اُن کا خُدا ہُوں گا اور وہ میری اُمّت ہوں گے۔"

نوٹ: دونوں عہد خُدا اور اُس کے لوگوں کے درمیان معاہدوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ پرانا عہد ناکام ہو گیا کیونکہ یہ جزوی طور پر قانون کی پاسداری کے لیے گناہگار لوگوں کے ناقص وعدوں پر مبنی تھا: پِھر اُس نے عہد نامہ لِیا اور لوگوں کو پڑھ کر سُنایا۔ اُنہوں نے کہا کہ جو کچھ خُداوند نے فرمایا ہے اُس سب کو ہم کریں گے اور تابع رہیں گے۔ (خروج 7:24) نیا عہد کامیاب ہوا کیونکہ یہ یسُوع کے اپنے قوانین کو ہمارے دِلوں میں لکھنے کے وعدے پر مبنی ہے۔ چونکہ جب اِنسان کی فطرت بدل جاتی ہے، اِسلیئے خُدا کی مرضی کو پورا کرنے میں خوشی مناتا ہے۔ نیا عہد اَب بھی اُسی قانون پر مبنی ہے، لیکن یہ ایک متفرق جگہ (دِل) میں لکھا گیا ہے اور (خُدا) کے بہتر وعدوں پر مبنی ہے۔

## 9 جب ہمیں تبدیل کیا جاتا ہے اور نیا دِل دیا جاتا ہے تو اِسے کیا کہا جاتا ہے؟

یوحنا 7:3 "تعجّب نہ کر کہ میں نے تجھ سے کہا تُمہیں ____________ سرِ سے ____________ ہونا ضرُور ہے۔"

نوٹ: اس شاندار تجربے کو نئی پیدائش کے نام سے جانا جاتا ہے کیونکہ، ایک نوزائیدہ بچے کی طرح، ہم ایک نئی زندگی کا آغاز کرتے ہیں- ہمارے ریکارڈ پر کسی جرم کے دھبہ کے بغیر۔

## 10 معافی حاصل کرنے اور گناہ سے پاک ہونے کے لیے مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اعمال 19:3 "پس ____________ کرو اور رجوع لاؤ تا کہ تُمہارے گُناہ مِٹائے جائیں اور اِس طرح خُداوند کے حضُور سے تازِگی کے دِن آئیں۔"

1۔ یوحنا 9:1 "اگر اپنے گُناہوں کا ____________ کریں تو وہ ہمارے گُناہوں کے مُعاف کرنے اور ہمیں ساری ناراستی سے پاک کرنے میں سچّا اور عادِل ہے۔"



نوٹ: سچی توبہ کا مطلب گناہ پر افسوس اور اُس سے کنارہ کشی کرنے خواہش ہے۔ "جو اپنے گناہوں کو چھپاتا ہے کامیاب نہ ہو گا لیکن جو اُن کا اقرار کر کے اُن کو ترک کرتا ہے اُس پر رحمت ہو گی۔" (امثال 13:28) اعتراف توبہ کا ایک لازمی حصّہ ہے۔ خُدا کے خلاف گناہوں کا اقرار خُدا کے سامنے ہونا چاہیے۔ اگر تیرے بھائی کو تجھ سے شکایت ہو تو اپنی نذر گذراننے سے پہلے اپنے بھائی سے صُلح کر لے۔ (متی 24:5) بائبل مقدّس میں کہیں بھی ہمیں کسی پادری کے سامنے گناہوں کا اعتراف کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

## 11 نئے سرِے سے پیدا ہونے والے مسیحی کے دِل میں کون داخل ہوتا ہے۔ اور وہ کیا کرتا ہے؟

**یوحنا 17:14** "یعنی ____________ حق۔ تُم اُسے جانتے ہو کیونکہ وہ تُمہارے ساتھ رہتا ہے اور تُمہارے اندر ہو گا۔"

**فلپیوں 13:2** "کیونکہ جو تُم میں نیّت اور ____________ دونوں کو اپنے ارادہ کو اِنجام دینے کے لیے پیدا کرتا ہے وہ خُدا ہے۔"

نوٹ: یسُوع اپنے رُوح القدس کے ذریعے ایک مسیحی کے اندر رہتا ہے! وہ ہمارے دِلوں کو تبدیل کر دیتا ہے، ہماری خواہشات اور سوچوں کو بدلتا ہے، اور وہ ہمیں اپنی مرضی پوری کرنے کی طاقت عطا کرتا ہے۔

## 12 خُدا نے ہمارے لیے اتنی شاندار قربانی کیوں دی - اور ہم اِسے کیسے قبول کرتے ہیں؟

**یوحنا 16:3** "کیونکہ خُدا نے دُنیا سے اَیسی ____________ رکھی کہ اُس نے اپنا اِکلوتا بیٹا بخش دِیا.......۔"

**اعمال 31:16** "اُنہوں نے کہا خُداوند یسُوع مسیح پر ____________ لا تو تُو اور تیرا گھرانا نجات پائے گا۔"

**یوحنا 12:1** "لیکن جتنوں نے اُسے قبول کیا، اس نے اُنہیں خدُا کے ____________ بننے کا حق بخشا۔"

نوٹ: سب سے مضبوط زمینی بندھن ایک بچے کے لیے والدین کی محبّت ہے۔ جب خُدا باپ اپنے بیٹے، یسُوع کو ہماری جگہ پر دُکھ اُٹھانے اور مرنے کی اجازت دینے کے لیے تیار تھا، تو اُس نے انتہائی طاقتور زُبان میں یہ ظاہر کیا کہ وہ ہم میں سے ہر ایک کو کتنی دِلسوزی کے ساتھ پیار کرتا ہے۔"..... مگر خُدا کی بخشش ہمارے خُداوند مسیح یسُوع میں ہمیشہ کی

زِندگی ہے۔"(رومیوں 23:6)۔آپ کا حصّہ یہ ہے کہ اُس کو سچ مانیں اور اِیمان سے اِس بخشش کو وصول کریں۔

## 13 کیا شریعت کی پاسداری کرنے سے کوئی نِجات پاتا ہے؟

افسیوں 9،8:2 "کیونکہ تُم کو اِیمان کے وسِیلہ سے ______________ ہی سے نجات ملی ہے اور یہ تُمہاری طرف سے نہیں۔ خُدا کی بخشِش ہے۔" "اور نہ اَعمال کے سبب سے ہے تاکہ کوئی فخر نہ کرے۔"


نوٹ: خُدا کی شریعت کے اعمال سے کوئی بھی نجات نہیں پاتا۔ سب خُدا کے معجزانہ فضل سے بچائے جاتے ہیں۔ لیکن جو لوگ بچائے گئے ہیں۔ یعنی، تبدیل ہو چکے ہیں۔ یسُوع کے فضل سے وہ اپنی محبّت اور شکر گزاری کے اظہار کے طور پر اُس کی شریعت کی فرمانبرداری کرنا چاہیں گے۔ "اگر تم مجھ سے محبّت رکھتے ہو تو میرے حکموں پر عمل کروگے۔" (یوحنا 15:14)۔

## 14 کیا یہ سچ نہیں ہے کہ ایک بار جب ہم فضل سے بچائے گئے تو شریعت پر عمل کرنا ضروری نہیں رہتا ہے؟

رومیوں 31:3 "پس کیا ہم شریعت کو اِیمان سے باطِل کرتے ہیں؟ ہر گز نہیں بلکہ ______________ کو ______________ رکھتے ہیں۔"

رومیوں 15:6 "پس کیا ہُوا؟ کیا ہم اِس لیے گناہ کریں کہ شریعت کے ماتحت نہیں بلکہ فضل کے ماتحت ہیں؟ ہر گز ______________۔"

نوٹ: نہیں۔ ایک ہزار بار، نہیں! خُدا کا فضل ہمیں خُدا کی شریعت کی نافرمانی کرنے کے لیے آزاد نہیں کرتا بلکہ ہمیں اُس کے احکام پر عمل کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ جن لوگوں کو یسُوع نے اپنی شریعت کی خلاف ورزی کرنے پر مُعاف کیا ہے وہ اُس کی اطاعت کرنے کے پابند ہیں۔ اور اُن کی معافی کو محفوظ بنانے کے لیے اُس کی قیمت کو محسوس کرتے ہوئے، وہ یسُوع کی پیروی کرنے کے لیے دُوسروں کے مقابلے میں زیادہ خواہش مند ہیں۔



## 15 کیا میں اُس کے حکموں پر عمل کیے بغیر ایک حقیقی مسیحی بن سکتا ہوں؟

1۔یوحنا 4،3:2 "اگر ہم اُس کے حکموں پر ______________ کریں گے تو اِس سے ہمیں معلوم ہو گا کہ ہم اُسے جان گئے ہیں۔'جو کوئی یہ کہتا ہے کہ میں اُسے جان گیا ہُوں اور اُس کے حکموں پر عمل نہیں کرتا وہ ______________ ہے اور اُس میں سچّائی نہیں۔"

متی 21:7 "جو کوئی مجھ "اَے خداوند اَے خداوند"! کہتے اُن میں سے ہر ایک آسمان کی بادشاہی میں داخل نہ ہو گا، مگر وہی جو میرے آسمانی باپ کی مرضی پر ______________ ہے۔"

## 16 آخری دنوں میں ابلیس خاص طور پر کس سے نفرت کرتا ہے؟

مکاشفہ 17:12 "اور اژدہا کو ______________ [کلیسیاء] پر غصّہ آیا اور اُس کی باقی اَولاد [آخری وقت کا وفادار بقیہ] سے جو خُدا کے ______________ پر عمل کرتی ہے اور یسُوع کی گواہی دینے پر قائم ہے لڑنے کو گیا۔"

نوٹ: شیطان خُدا کی آخری وقت کی کلیسیاء سے نفرت کرتا ہے اور اُس پر غصّہ کرتا ہے، جو یسُوع کے حکموں کی پابندی کرتا ہے اور لوگوں کو سکھاتا ہے کہ گنہگار کو راست باز میں تبدیل کرنے کی الٰہی طاقت موجود ہے

## 17 خُدا کی شریعت کی اطاعت کرنے کے لیے کون سی چیز اِنسان کو تحریک دیتی ہے؟

رومیوں 10:13 "محبّت اپنے پڑوسی سے بدی نہیں کرتی۔اِس واسطے ______________ شریعت کی تعمیل ہے۔"

متی 39-37:22 "اُس نے اُس سے کہا کہ خُداوند اپنے خُدا سے اپنے سارے ______________ اور اپنی ساری جان اور اپنی ساری عقل سے محبّت رکھ۔۔ بڑا اور پہلا حکم یہی ہے۔اور دُوسرا اِس کی مانِند یہ ہے کہ اپنے پڑوسی سے اپنے برابر محبّت رکھ۔"

1۔یوحنا 3:5 "اور خُدا کی ______________ یہ ہے کہ ہم اُس کے حکموں پر عمل کریں اور اُس کے حکم سخت نہیں۔"



نوٹ: محبّت شاندار محرک ہے! پہلے چار احکام براہ راست خدا کے ساتھ ہمارے تعلق اور فرض سے مُنسلک ہیں۔ جب آپ اُس سے محبّت کرتے ہیں تو اُس کے احکام کی اطاعت کرنا خوشی کی بات ہے۔ آخری چھ احکام ہمارے ہم جنسوں سے ہمارے فرض کو جوڑتے ہیں۔ اگر آپ لوگوں سے واقعی محبّت کرتے ہیں، تو آپ ایسا کچھ نہیں کرنا چاہیں گے جس سے اُنہیں تکلیف پہنچے۔

## 18 مسیح کو قبول کرنے اور خُدا کی شریعت پر عمل کرنے کے کچھ شاندار انعامات کیا ہیں؟

یوحنا 11:15 "میں نے یہ باتیں اِس لیے تُم سے کہیں ہیں کہ میری خوشی تُم میں ہو اور تمہاری ____________ پوری ہو جائے۔"

امثال 18:29 "جہاں رویا نہیں وہاں لوگ بے قید ہو جاتے ہیں لیکن شریعت پر ____________ کرنے والا مُبارک ہے۔"

زبور 165:119 "تیری شریعت پر ____________ کرنے والے مُطمئن ہیں۔ اُن کے لیے ٹھوکر کا کوئی موقع نہیں۔

نوٹ: خوشی، مسرت، امن، اور کثرت کی زندگی اُنہی لوگوں کو ملتی ہے جو خُدا کی شریعت پر عمل کرتے ہیں۔ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ داؤد نے کہا کہ خُدا کے احکام سونے سے بلکہ بُہت کندن سے زِیادہ پسندِیدہ ہیں۔ (زبور 10:19)۔

### آپ کا جواب:

کیا آپ ابھی فیصلہ کریں گے کہ آپ کثرت کی زِندگی پانے کے لیے یسُوع کے منصوبے کو قبول کریں گے اور اس کی تعلیمات پر عمل کریں گے۔ یا، شاید، اُس فیصلے کی تجدید کریں گے؟

میرا جواب: ____________




# اضافی مطالعہ

## کیا پرانے عہد نامے کے کچھ قوانین اب نئے عہد نامے کے مسیحیوں پر لاگو نہیں ہوتے ہیں؟

جی ہاں! موسی نے دَس احکام اور دوسرے قوانین کے درمیان فرق کیا جب اُس نے جائزہ لیا کہ دونوں قوانین کیسے دیئے گئے تھے: "اور اُس نے تم کو اپنے عہد دَسوں احکام بتا کر اُن کے ماننے کا حکم دِیا اور اُن کو پتھر کی دو لوحوں پر لکھ بھی دیا۔" "اُس وقت خُداوند نے مجھے حکم دیا کہ تُم کو یہ آئین اور احکام سِکھاؤں تا کہ تم اُس ملک میں جس پر قبضہ کرنے کے لیے جا رہے ہو اُن پر عمل کرو۔(استثنا 4:13، 14)۔ غور کریں کہ موسی نے دَس احکام کو، جن کا خُدا نے آپ کو حکم دیا تھا، اُن آئین سے جو خُدا نے مجھے اِسرائیل کو دینے کا حکم دیا تھا، کس طرح الگ کیا۔ ایک اور آیت میں، خُدا اس فرق کو تقویت بخشتا ہے تا کہ اُس میں کوئی شک باقی نہ رہے: "اور میں اَیسا نہ کرُوں گا کہ بنی اسرائیل کے پاؤں اُس ملک سے باہر آوارہ پِھریں جِسے میں نے اُن کے باپ دادا کو دِیا بشرطیکہ وہ اُن سب احکام کے مطابق اور اُس شریعت کے مطابق جس کا حکم میرے بندہ موسیٰ نے اُن کو دِیا عمل کرنے میں اِحتیاط رکھیں۔" (2۔ سلاطین 21:8)۔ واضح طور پر، "وہ شریعت جس کا... موسی نے حکم دیا تھا" اُس شریعت میں ایک اضافہ تھا جس کا "[خُدا نے حکم دِیا تھا]"۔ دَس احکام اور موسیٰ کے قانون کے مصنفین مختلف تھے، مختلف اوقات میں مختلف مواد پر لکھے گئے تھے، مختلف مقامات پر رکھے گئے تھے، اور اُس کا مواد بڑی حد تک مختلف تھا!

جب یسُوع مسیح نے اپنی زمینی خدمت کو پورا کیا تو اُس نے کونسے قوانین کو منسُوخ کر دِیا گیا؟ (افسیوں 2:15)۔ میں پولُس وضاحت کرتا ہے، چنانچہ اُس نے اپنے جسم کے ذریعہ سے دُشمنی یعنی وہ شریعت جِس کے حکم ضابطوں کے طور پر تھے موقوف کر دی تا کہ دونوں سے اپنے آپ میں ایک نیا اِنسان پیدا کر کے صُلح کرا دے"" کہانت اور قربانی کے نظام کو منظم کرنے والے احکام اور تہواروں کے دنوں کو ختم کر دیا گیا ہے کیونکہ اُنہوں نے مسیح کی پیش گوئی کی تھی (کلسیوں 2:13-17)۔ اُس نے اُنہیں خُدا کے حقیقی برّہ کے طور پر قربان ہو کر پورا کیا۔ رسُول نے یہ بھی کہا کہ، "نہ ختنہ کوئی چیز ہے نہ نامختونی بلکہ خُدا کے حکموں پر چلنا ہی سب کچھ ہے۔" (1۔ کرنتھیوں 7:19)۔

### حکموں پر عمل کرنا کیسے ممکن ہے؟

جب کوئی شخص نئے سرے سے پَیدا ہوتا ہے، تو یسُوع مسیح، اپنے رُوح القُدس کے ذریعے، اُس شخص کی زندگی میں داخل ہوتا ہے اور معجزانہ طور پر اطاعت کو ممکن بناتا ہے۔ "اور مجھے اِس بات کا بھروسا ہے کہ جِس نے تُم میں نیک کام شروع کیا ہے وہ اُسے یسُوع مسیح کے دِن تک پُورا کر دے گا۔" (فلپیوں 1:6)۔ یسُوع پر مکمل طور پر بھروسہ کریں، اور وہ خُدا کی مرضی پوری کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے! "جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس میں میں سب کچھ کر سکتا ہوں۔" (فلپیوں 4:13)۔

AMAZING FACTS INTERNATIONAL

# پیشینگوئی کی اُلٹی گنتی

سبق نمبر 4

4

AMAZING FACTS INTERNATIONAL

P.O. Box 1058
Roseville, CA 95678
amazingfacts.org